© rasailojaraid.com



# امن و امان اور اسلامی حکومت کی ذمہ داری

ایک اسلامی ریاست میں اندرون ملک بگاڑ کو دور کرنے کے لیے ضروری ہے کہ رعیت کو فوری اور سستا انصاف مہیا کیا جائے ورنہ جب عوام کی حق تلفی ہوگی اور انہیں اپنے حقوق نہیں ملیں گے تو ملک میں داخلی طور پر اطمینان و سکون حاصل نہیں ہو سکتا اس اصل کا استخراج سورہ فاتحہ کی آیت مالک یوم الدین سے ہوتا ہے جس کا معنی ہے کہ ہمارا رب انصاف کے دن کا مالک ہے۔ وہ ایک دن اپنے بندوں میں انصاف سے فیصلے فرمائے گا۔ مجرموں کو سزا دی جائے گی اور فرمانبرداروں کو انعام دیا جائے گا۔ اسی طرح اسلامی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ ملک میں داخلی فساد کے خاتمہ کے لیے تعزیری قوانین اور حدود اسلامی کا سختی سے نفاذ کرے تاکہ مظلوموں کو انصاف مہیا ہو اور مجرموں کو عبرتناک سزائیں سرعام دی جائیں مثلاً" چور کا ہاتھ کاٹنے یا زانی کو کوڑے مارنے یا سنگسار کرنے سے جرائم کا خاتمہ ہو سکتا ہے اور اس طرح داخلی فساد کا انسداد ممکن ہوگا۔ اندرون ملک فساد کو ختم کرنے کے لیے ہی فقہائے امت نے لکھا ہے کہ الساعی بالفساد یقتل سیاسۃ کہ "جو فساد اور تخریب کاری میں پکڑا جائے اسے قصاصاً" نہیں بلکہ سیاستاً" قتل کیا جا سکتا ہے۔" معلوم ہوا کہ شریعت کی نظر میں لوگوں کی جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت اسلامی حکومت کی ایک اہم ذمہ داری ہے۔

(دروس سورۃ الفاتحہ از علامہ شمس الحق افغانیؒ)

اسلام کی ابدی صداقتوں اور انسانی رفعتوں کا مبلغ عالمی اردو جریدہ

ماہنامہ نورٌ علیٰ نور کراچی

یہ رسالہ نہیں حق کا دستور ہے
اس کا ہر حرف نورٌ علیٰ نورٌ ہے
اعجاز رحمانی

زیر ادارت
مولانا عبدالرشید انصاری

اسلام کی ہمہ گیر تعمیری، فلاحی، آفاقی دعوت، قرآن و سنت کی نجات آفرین انقلابی تعلیمات، ملت اسلامیہ کی نشأۃ ثانیہ و اتحاد، عالم اسلام کے اجتماعی وقار و مفاد، مملکت خداداد پاکستان کی سلامتی و استحکام، دینی اقدار کی بالادستی کے قیام اور حیات مسلم کے تمام گوشوں معیشت و معاشرت کو اسلامی شریعت کے تابع فرمان بنانے کی پاکیزہ سوچ اور پر خلوص امنگوں پر مبنی مضامین و مقالات اور فکر انگیز تبصروں سے مزین

منفرد ماہنامہ

مجلہ نورٌ علیٰ نورٌ نے
دہر میں اسم محمدؐ سے اجالا پھیلانے کے جذبوں سے سرشار ہو کر
مارچ ۱۹۹۹ء سے اشاعت کا آغاز کر دیا ہے

بدل اشتراک =/120 روپے سالانہ، دینی مدارس کے طلباء و اساتذہ کرام کے لئے صرف =/60 روپے سالانہ

ناظم اشاعت

ماہنامہ نورٌ علیٰ نورٌ۔ مسجد عائشہ صدیقہؓ سیکٹر ۱۱-ایل، نارتھ کراچی۔
فون: 6996518

© rasailojaraid.com